Funded by the European Union

Government of Sindh

unicef for every child



# Teacher Training Module:

# Urdu

## Learning Cycle Twelve

"اقسامِ الفاظ"

Sindh Technical Assistance – Development through Enhanced Education Programme (STA-DEEP)

THE AGA KHAN UNIVERSITY

School Education & Literacy Department (SE&LD)

Government of Sindh

## محترم اساتذہ!

محکمہ تعلیم اسکول وخواندگی (SL & ED) حکومت سندھ، مسلسل پیشہ ورانہ تربیت (CPD) کے پروگرام برائے اساتذہ میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔ مسلسل پیشہ ورانہ تربیت (CPD) کا یہ پروگرام برائے اساتذہ حب اسکول کلسٹر کی بنیاد پر تشکیل دیا گیا ہے۔ جو اسکول کلسٹرنگ پالیسی (نظر ثانی شدہ) 2021 اور CPD ماڈل 2022 کے تحت منعقد کیا جا رہا ہے ۔
متن و مواد (Content) کی بنیاد پر تعلیمی سلسلوں (Content -Based Learning Cycles) کا یہ مرحلہ 11 سے 20 تعلیمی سلسلوں (Learning Cycles) پر مشتمل جو متن و مواد (Content) پر مبنی کمرہ جماعت کی تدریس کے حوالے سے آپ کی معلومات و مہارات میں مزید اضافے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ ابتدائی 10 سلسلے (Learning Cycles) طریقہ ہائے تدریس میں بہتری پر مرکوز تھے تاکہ طلبہ کے لیے کمرہ جماعت کو دروں فعال (Interactive) شراکتی (Participative) اور پُر لطف بنایا جا سکے۔ تعلیمی سلسلے (Learning Cycles) نمبر 11 سے 20 ریاضی، سائنس، انگریزی، اردو اور سندھی کے مضامین میں جماعت اول تا ہشتم کے طلبہ کو کمرہ جماعت کا ایک منظّم طریقہ کار فراہم کریں گے جو جدید تدریسی تدابیر اور مذکورہ مضامین کی مؤثر معلومات سے پُر ہو گا۔

### ہمارا نصب العین

CDP پروگرام سندھ بھر کے اسکولوں میں تدریسی عمل کو بہتر بنانے کی کی جانب مرتکز ہے. تاکہ طلبہ متحرک، مل جل کر سیکھنے والے، تدریسی عمل میں درپیش مسائل حل کرنے والے اور باریک بین بن سکیں۔ اور جو تفویض کردہ کاموں کو پر اعتماد اور تخلیقی انداز میں انجام دے سکیں۔ یہ تعلیمی سلسلے (Content-Based Learning Cycles) طلبہ کو مضامین کی معلومات واضح طور پر سمجھنے اور حاصل شدہ اس معلومات و مہارات اپنے ارد گرد کی دنیا سے مربوط کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔
اس امر کو یقینی بنانے کے لیے اساتذہ کو طریقہ ہائے تدریس اور متعلقہ مضامین کی معلومات کو کمرہ جماعت میں استعمال کے لیے بہتر طور پر تیار کرنا انتہائی ضروری ہے۔ مزید یہ کہ یہ پروگرام اسکول حب اسکول کلسٹر کے ذریعے ارد گرد اسکولوں کے اساتذہ کی سطح پر خصوصی تربیت فراہم کرے گا جو مؤثر انداز میں طلبہ کے تعلمی حاصلات (learning outcomes) میں واضح اضافے کا سبب بنے گا۔

## ہمارا فلسفہء تدریس

CPD کی تربیتی نشستیں، بہ شمول ہٰذا، شراکتی تدریسی فلسفے سے منسلک ہیں۔ یہ طریقہ مل جل کر سیکھنے کے عمل میں شرکا کی سرگرم شرکت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ جو خود انعکاسی (self - Reflecting) اور "ہم رتبہ انعکاسی" کرتے ہوئے مشق و عمل کرنے (Peer Reflection ) والوں کا ایک حلقہ تخلیق کرتا ہے۔

اس پروگرام کا مقصد تدریسی عمل میں اضافہ کیا جائے، مضامین کے مواد و معلومات کی تفہیم کو فروغ دیا جائے اور ایسی تدابیر وضع کی جائیں جو ہمیں اُس منزلِ مقصود اور نصب العین تک رسائی دے گی جہاں طلبہ سیکھے گئے تصوّرات اور حاصل کردہ معلومات کو اپنی روزمرہ زندگی میں بھرپور اعتماد اور مکمل دسترس کے ساتھ استعمال کر سکیں گے۔

## آن لائن CPD پورٹل برائے اساتذہ

ماہرین سے سوالات کرنے، تبادلۂ خیالات اور ان تعلیمی سلسلوں (Learning Cycles) کو منعقد کرنے میں اپنے تجربات اور مشکلات بیان کرنے کی غرض سے اساتذہ کے لیے آن لائن پورٹل تشکیل دیا گیا ہے۔ https://stadeep-cpd.com/

**نوٹ:** تعلمی سلسلے (Learning cycles ) محکمہ تعلیم اسکول و خواندگی (SL & ED) حکومتِ سندھ کے اشتراک سے تشکیل دیے گئے ہیں۔ جن میں پائٹ اور اسٹیڈا (STEDA-PITE) کے زیرِ نگرانی اردو کا منظور شدہ نصاب و درسی کتب برائے جماعت اوّل تا ہشتم پیش نظر رکھی گئی ہیں۔ اردو درسی کتاب برائے اوّل تا ہشتم بہ طور حوالہ تعلمی سلسلوں (Learning Cycle) میں استعمال کی گئی ہیں۔

## اظہارِ تشکّر

یہ کتابچہ پروونشل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچر ایجوکیشن (PITE) کی ہدایت کی روشنی میں آئی بی اے سکھر یونی ورسٹی (Sukkur IBA University)اور آغا خان یونی ورسٹی انسٹی ٹیوٹ فار ایجوکیشنل ڈویلپمینٹ (AKU-IED)نے تشکیل وترتیب دیا گیا ہے۔اس عمل میں یونیسف(UNICEF) نے STA-DEEP کے تحت تکنیکی معاونت کی ہے۔نیز اس کی تشکیل میں یورپی یونین (European Union) نے مالی معاونت فراہم کی ہے۔

ہم درج ذیل معاونین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں:

| | |
|---|---|
| جناب سید رسول بخش شاہ | ایگزیکیوٹو ڈائریکٹر، سندھ ٹیچرز ایجوکیشن ڈولپمنٹ اتھارٹی(STEDA)کراچی |
| محترمہ نصرت فاطمہ کلہوڑو | ڈائریکٹر جنرل پروونشل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچر ایجوکیشن (PIET)شہید بے نظیر آباد |
| جناب عنایت اللہ شیخ | ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف ٹیچرز ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سندھ، حیدرآباد |
| جناب ڈاکٹر الطاف حسین سموں | ڈائریکٹر ایگزیکیوٹو ڈولپمنٹ سینٹر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی، سکھر |
| جناب ڈاکٹر تکبیر علی | ایسوسی ایٹ پروفیسر اینڈ ڈائریکٹر آؤٹ ریچ، آغا خان یونی ورسٹی، کراچی |
| جناب عبدالمجید بھُرٹ | ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف کریکولم، اسسمنٹ اینڈ ریسرچ، جام شورو |
| جناب پروفیسر محمد وسیم مغل | پرنسپل گورنمنٹ ایلی مینٹری کالج آف ایجوکیشن (وومین)، میرپورخاص |
| جناب اللہ نواز عامر چنا | سینئر انسٹرکٹر، پائٹ سندھ، نواب شاہ |

| | |
|---|---|
| جناب محمد سُہیل شیخ | موڈیول ڈیویلپر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| جناب سید کامران شاہ | پروجیکٹ کو آرڈینیٹر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| محترمہ رابعہ بتول | پروجیکٹ مینیجر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| محترمہ عبیر مقبول | ایجوکیشن مینیجر، یونیسیف |
| جناب آصف ابرار | ایجوکیشن اسپیشلسٹ، یونیسیف |
| جناب ڈاکٹر پرویز پیرزادو | ایجوکیشن آفیسر، یونیسیف |
| جناب آفتاب احمد نظامانی | نیشنل ٹیچرز پروفیشنل ڈویلپمنٹ کنسلٹنٹ، یونیسیف |

**حاصلاتِ تعلم:** اس تربیتی نشست کے اختتام پر شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ؛






الفاظ کی مختلف اقسام بیان کر سکیں۔



درسی کتب میں شامل الفاظ کی مختلف اقسام کی تدریسی سرگرمیاں تشکیل دے کر انھیں پیش کر سکیں۔



الفاظ کی مختلف اقسام کی جانچ پر مبنی سرگرمیاں تیار کر کے انھیں پیش کر سکیں۔

## Session Plan یومیہ کارروائی

Instructional strategies/activitiesدرسی تدابیر / سرگرمیاں

| Materials/resources<br>درکار اشیاء | Activities/learning experiences<br>سرگرمیاں | Objective/purpose of the activity<br>سرگرمی کے مقاصد | Time<br>وقت |
|---|---|---|---|
|  | **ذہنی آمادگی**<br>• تختۂ تحریر پر درج ذیل لفظ دائرے میں لکھیے۔ (رنگ)<br>• شرکا سے کہیے کہ لفظ "رنگ" سے اُن کے ذہن میں جتنے الفاظ آتے ہیں، بتائیے۔<br>• شرکا کے بتائے گئے الفاظ بورڈ پر لکھتے جائیں۔<br>• اب شرکا کو بتائیے کہ معانی میں ایک دوسرے سے تعلق رکھتے چیزوں کے نام اور تصورات رکھنے والے الفاظ کو متلازم الفاظ کہا جاتا ہے۔ تحریر و تقریر میں سب سے زیادہ انھی الفاظ کی ضرورت پیش آتی ہے۔<br><br>متلازم الفاظ کے علاوہ الفاظ کی چند اقسام میں متضاد، مترادفات اور تجنیسی الفاظ بھی شامل ہیں جن کی مدد سے طلبہ کو الفاظ کا ذخیرہ بڑھانے میں مدد دی جاسکتی ہے۔ | • اساتذہ اقسامِ الفاظ کے بارے میں بیان کر سکیں گے۔<br> | <br>15 mins |

| | | | |
|---|---|---|---|
| <br>نوٹ بک<br>پین / پینسل | **گروہی سرگرمی (Group Activity)**<br><br>شرکا کو چار گروہوں میں تقسیم کیجیے اور اُن سے کہیے کہ "ہینڈ آوٹ نمبر 2 پڑھیں، سمجھیں اور کسی بھی جماعت کے لیے جانچ پر مبنی ایک ایک سرگرمیاں تشکیل دے کر پیش کریں۔<br><br>گروپ نمبر 1 — متضاد الفاظ<br>گروپ نمبر 2 — مترادف الفاظ<br>گروپ نمبر 3 — تجنیسی الفاظ<br>گروپ نمبر 4 — متلازم الفاظ | • اساتذہ الفاظ کی سرگرمیاں بیان کر سکیں گے۔<br> | <br>30 Mins |
| | BREAK | | 10 mins |
|  | **گروہی پیش کش 1(Group Presentation)**<br>تمام گروہوں (Groups) کی باری باری پیش کش کرائیے اور ہر پیش کش کے بعد اپنی تعمیری بازرسی (Constructive Feedback) فراہم کیجیے۔ | • اساتذہ اقسامِ الفاظ کی مختلف سرگرمیوں کی عملی مشق کا مظاہرہ کریں گے | <br>20 mins |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 25min | • اساتذہ اقسامِ الفاظ سرگرمیوں پر اپنی معلومات و تاثرات کا اظہار کریں گے۔ | **جوڑیوں میں کام (Pair work)**<br>• شرکا کو جوڑیوں میں تقسیم کیجیے۔<br>• جوڑیوں سے کہیے کہ ایک شیٹ پر چار کالم بنائیں اور ان پر متضاد–مترادف– تجنیسی–متلازم الفاظ کی سرخی لگائیں۔<br>• ہر کالم میں متعلقہ الفاظ کی قسم کی ایک فہرست بنا کر تختۂ تحریر پر چسپاں کریں۔<br>• آخر میں اپنی باز رسی فراہم کرتے ہوئے سرگرمی کا اختتام کیجیے۔ |  |
| 25min | • اساتذہ اقسامِ الفاظ سرگرمیوں پر اپنی معلومات و تاثرات کا اظہار کریں گے۔<br> | **اختتامی سرگرمی / اعادہ(Concluding Activity)**<br>**رخصت کا ٹکٹ**<br>شرکا سے کہیے کہ آج کے دن آپ نے بچوں کے ذخیرہ الفاظ بڑھانے کے حوالے سے جو اقسام الفاظ سیکھے ہیں اُس میں سے کوئی دو باتیں بتایئے اور رخصت کا ٹکٹ لیجیے۔ رخصت کا ٹکٹ دیتے ہوئے سیشن کی اہم باتیں اور نکات کا خلاصہ پیش کرتے جایئے۔ | <br>نوٹ بُک<br>پین / پینسل |

## ذخیرہ الفاظ اور اقسام الفاظ

یہ حقیقت تسلیم شدہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ الفاظ سیکھنے سے زیادہ سے زیادہ معلومات و تصورات حاصل ہوتے ہیں۔ علم میں اضافے سے مطالعے اور بیان کی قوت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ لازمی امر ہے۔ اس سلسلے میں متضاد، مترادف، تجنیسی الفاظ پر عبور حاصل کیا جائے۔ اسی طرح قریبی یا متعلقہ تصورات والے الفاظ یعنی متلازم الفاظ کا جس قدر ذخیرہ ہو گا، بیان میں اسی قدر وسعت، شدت، اور زور حاصل ہو سکے گا۔

(الف) متضاد الفاظ:

متضاد الفاظ سے مراد ایسے الفاظ ہیں جو معانی کے لحاظ سے ایک دوسرے کے الٹ ہوتے ہیں۔ مثلاً دن کا اُلٹ رات یا صبح کی ضد شام۔ تحریر و تقریر میں ان متضاد الفاظ سے اثر انگیزی پیدا کی جا سکتی ہے۔ دو اشیا کے درمیان اور تقابل پیش کرنے کے لیے اور اس بات کی جانب توجہ دلانے کے لیے کہ ان کے درمیان کون سا پہلو مختلف ہے متضاد الفاظ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر آپ دیہاتی یا شہری زندگی کے درمیان موازنہ کر رہے ہیں تو بہ جائے اس کے کہ آپ اس فرق کو واضح کرنے کے لیے طویل جملے اور بیان کرنے کے اگر دیہاتی زندگی کے لیے "خاموشی" اور شہری زندگی کے لیے "شور و غل"۔ دیہاتی لوگوں کے لیے "چند" اور شہری لوگوں کے لیے "کئی" کے محض دو متضاد الفاظ لکھ کر فرق واضح کر سکتے ہیں۔ لہٰذا ضروری ہے کہ اساتذہ طلبہ کی زبان دانی کو فروغ دینے کے لیے متضاد الفاظ سکھانے کا خصوصی اہتمام کریں اور ایسی دل چسپ اور نتیجہ خیز سرگرمیاں تشکیل دیں جن کے ذریعے اُن کے ذخیرہ الفاظ میں مطلوبہ اضافہ کیا جا سکے۔

(ب) تجنیسی الفاظ: یہ ایسے الفاظ ہیں جو املا یا آواز / صوت میں ایک جیسے ہوتے ہیں لیکن معانی میں مختلف ہوتے ہیں۔ ہم املا الفاظ کی ایک مثال "عمر" زندگی کی طوالت اور عمر" (ایک مرد کا نام) کی ہے۔ ایسی اور کئی مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں جن میں زیر زبر کے فرق سے معنی بدل جاتے ہیں۔ جیسے "دَھن" (دولت) اور دُھن "(لگن / دھیان)- آہنگ (ارادہ) اور آہنگ (یکسانیت)- بعض الفاظ کا تلفظ ایک سا ہوتا ہے اگرچہ حروف اور املا مختلف۔۔۔۔

جیسے: ابد (ہمیشہ)، عبد (بندہ)" "سدا (ہمیشہ)، صدا (آواز)" قمر (چاند)، کمر( پُشت)

(ج) مترادف الفاظ: ہم معانی یا قریب المعانی ایسے الفاظ جو بیان میں اکثر اوقات ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہوتے ہیں، مترادفات کہلاتے ہیں۔ کسی طالب علم کے پاس اس کا جس قدر ذخیرہ ہو گا، تحریر و تقریر میں وہ اسی قدر قدرت رکھتا ہو گا۔ مترادف الفاظ کی مثال "چمن، گلستان، باغ، گل زار، گلشن سے پیش کی جاسکتی ہے۔ اسی طرح اُجالا، روشنی، نور و ضیا یا پھر یار، دوست، ساتھی، رفیق" وغیرہ مترادف الفاظ ہیں۔

(د) متلازم الفاظ: معانی میں ایک دوسرے سے متعلق یا قریبی تعلق رکھنے والی اشیا کے نام اور تصورات رکھنے والے الفاظ کو متلازم الفاظ کہا جاتا ہے۔ تحریر و تقریر میں سب سے زیادہ انھی الفاظ کی ضرورت ہوتی ہے۔ متعلقہ الفاظ کی ایک مثال لفظ "درزی" کی ہے جس کے ساتھ "سلائی مشین، کپڑا، دھاگا، بٹن، قمیض، کرتا، شلوار، کوٹ، پتلون" اور نہ جانے کن کن الفاظ کی ضرورت ہوتی ہے جو درزی کے کام سے منسلک ہوتے ہیں۔ درزی کا تصور آتے ہی ان متعلقہ اشیا کا تصور پیدا ہوتا ہے۔ اس قسم کی لسانی سرگرمیوں کی تشکیل کی جاسکتی ہے، جو طلبہ کو متلازم الفاظ سیکھنے اور ان کا ذخیرہ الفاظ بڑھانے میں مدد دیں تاکہ وہ پڑھنے لکھنے میں حسب ضرورت مدد لے سکیں۔

## For Reference: لرننگ سائیکل کی فہرست برائے حوالہ

| لرننگ سائیکل | عنوانات |
|---|---|
| 1 | سننا |
| 2 | بولنا |
| 3 | پڑھنا |
| 4 | پڑھنا |
| 5 | لکھنا |
| 6 | زبان شناسی |
| 7 | تقریر |
| 8 | تنقید و استحسان |
| 9 | تخلیقی تحریر |
| 10 | مہارات حیات |
| 11 | اوصافِ خوش خوانی |
| 12 | اقسام الفاظ |
| 13 | تدریسِ املا و خوش خطی |
| 14 | تدریسی معاونات و سرگرمیاں |
| 15 | تدریسِ نظم |
| 16 | تدریسِ مطالعہ |
| 17 | تدریسِ مضمون نویسی |
| 18 | تدریسِ اردو بہ ذریعۂ کھیل |
| 19 | تدریسِ اردو میں ٹیکنالوجی کا استعمال |
| 20 | سوالات و آزمائش |

**Contact email address:**
kamranshah@iba-suk.edu.com

**School Education & Literacy Department (SE&LD)**
**Government of Sindh**